## فوزیہ وہاب نے جمہوریت کے فروغ کیلئے جو قربیاناں دیں ہیں اسے فراموش نہیں کیا جاسکتا، جناب الطاف حسین

## مرحومہ کے انتقال سے ملک کی سیاست میں جو خلاء پیدا ہوا اسے پُر نہیں کیا جاسکتا ہے

## مرحومہ کے سوگوار لواحقین، صدرِ مملکت آصف علی زرداری سمیت پیپلز پارٹی کے دیگر رہنماؤں سے دلی تعزیت و ہمدردی اظہار

## محترمہ فوزیہ وہاب کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔17جون2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیپلز پارٹی کی رہنماء ورکن قومی اسمبلی محترمہ فوزیہ وہاب کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی ملک وقوم کیلئے کی جانیوالی خدمات پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے جمہوری حکومت میں مرحومہ کی غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کیلئے جو قربیاناں دیں ہیں اسے فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے اور مرحومہ کے انتقال سے ملک کی سیاست میں جو خلاء پیدا ہوا اسے کبھی پُر نہیں کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے محترمہ فوزیہ وہاب کے انتقال پر صدرِ مملکت آصف علی زرداری سمیت پیپلز پارٹی کے دیگر رہنماؤں سے دلی تعزیت وہمدردی کا بھی اظہار کیا اور کہا کہ دکھ اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## فوزیہ وہاب کی ناگہانی وفات جمہوریت کا ناقابل تلافی نقصان ہے۔الطاف حسین

## وہ ایک سچی جمہوریت پسند اور اپنے مقصد کیلئے ثابت قدمی سے جدوجہد کرنے والی باہمت رہنما تھیں

## محترمہ فوزیہ وہاب کے سوگوار اہل خانہ، صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، تمام رہنماؤں اور سچے مخلص کارکنوں سے الطاف حسین کا دلی تعزیت کا اظہار

لندن۔۔۔17جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیپلز پارٹی کی رہنما اور رکن قومی اسمبلی محترمہ فوزیہ وہاب کے انتقال پر دلی صدمہ اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور اسے جمہوریت کا ناقابل تلافی نقصان قرار دیا ہے۔انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے مرحومہ فوزیہ وہاب کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ فوزیہ وہاب ایک بہترین اور اعلیٰ شخصیت کی مالک اور نہایت خوش گفتار اور خوش اخلاق خاتون تھیں۔وہ ایک سچی جمہوریت پسند اور اپنے مقصد کیلئے ثابت قدمی سے جدوجہد کرنے والی باہمت رہنما تھیں۔ان کی ناگہانی وفات نہ صرف پیپلز پارٹی بلکہ جمہوریت پر یقین رکھنے والے تمام پاکستانیوں کا ناقابل تلافی نقصان ہے۔جناب الطاف حسین نے محترمہ فوزیہ وہاب کی وفات پر انکے تمام سوگوار اہل خانہ، پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، شریک چیئرپرسن اور صدر مملکت آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور سچے مخلص کارکنوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہم سب کیلئے ایک سانحہ ہے اور دکھ اور صدمہ کی گھڑی میں میں تمام سوگواروں کے غم میں برابر کا شریک ہوں۔جناب الطاف حسین نے اس موقع پر مرحومہ فوزیہ وہاب کیلئے دعائے مغفرت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے، ان کے درجات بلند کرے اور تمام سوگواروں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔آمین

## ماہر تعلیم پروفیسر آفاق احمد صدیقی کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن:۔۔۔17جون2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ماہرِ تعلیم پروفیسر آفاق احمد صدیقی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست اراکین پارلیمنٹرین محترمہ فوزیہ وہاب کے انتقال کی اطلاع ملتے ہی اسپتال اورمرحومہ کی رہائشگاہ پر پہنچ گئے

## جناب الطاف حسین کی جانب سے مرحومہ کے سوگواران اور پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔17، جون 2012ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی ڈپٹی کنوینر محترمہ نسرین جلیل، رابطہ کمیٹی کے اراکین رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد، وسیم آفتاب، حق پرست سینیٹر بابر خان غوری، ارکان قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی، وسیم اختر اور محترمہ خوش بخت شجاعت پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنماء ورکن قومی اسمبلی محترمہ فوزیہ وہاب کے انتقال کی اطلاع ملتے ہی اسپتال پہنچ گئے ۔ایم کیوایم کے رہنماؤں نے محترمہ فوزیہ وہاب کے انتقال پر سوگوارلواحقین اوراس موقع پر موجود پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ محترمہ فوزیہ وہاب کے انتقال سے سیاست میں سے ایک مٹھاس رخصت ہوگئی ہے اور مرحومہ کی جمہوریت کے فروغ کیلئے کاوشیں فراموش نہیں کی جاسکتیں ۔ بعدازاں متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماء مرحومہ کی رہائشگاہ پر بھی گئے اس موقع پر بھی انہوں نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین کو دلاسہ دیا اور صبر کی تلقین کرتے ہوئے محترمہ فوزیہ وہاب مرحومہ کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ''پارٹی الیکشن'' سال 2012 کا انعقاد اتوار کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوا

## پارٹی الیکشن میں ملک بھر کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنا حق رائے دہی استعمال کیا

کراچی:۔۔۔17، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 17، جون 2012ء بروز اتوار کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ''پارٹی الیکشن برائے 2012ء'' منعقد ہوئے جس میں ملک بھر کے ذمہ داران و کارکنان سمیت حق پرست ارکان سینیٹ قومی وصوبائی اسمبلی ، شعبہ جات ، ریزیڈینس کمیٹیوں کے ذمہ دارن وکارکنان نے بڑی تعداد میں موجود تھے ۔اس سلسلے میں پارٹی الیکشن کمیشن تشکیل دیا گیا جس کی نگرانی میں یہ الیکشن منعقد ہوئے ۔اس موقع پر ذمہ داران وکارکنان نے حق رائے دہی استعمال کیا۔ پارٹی الیکشن کے سلسلے میں ووٹنگ کیلئے مختلف پولنگ بوتھ قائم کئے گئے تھے۔ پارٹی الیکشن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ، سیکٹرز ، یونٹس ، زون ، صوبائی اورڈسٹرکٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران کا انتخاب کیا جائے گا۔ پارٹی الیکشن کے سلسلے میں پولنگ کا آغاز صبح 9 بجے ہوا جو بغیر کسی وقفے کے شام 5 بجے تک جاری رہا۔

## جناب الطاف حسین کا پیپلز پارٹی کی رہنماء فوزیہ وہاب کے صاحبزادے بیرسٹر مرتضی وہاب سے ٹیلیفون پر رابطہ

## محترمہ فوزیہ وہاب کی خیریت دریافت کی، فوزیہ وہاب کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار

## والدہ محترمہ قومے میں چلی گئیں ہیں ان کیلئے دعا کی درخواست ہے، بیرسٹر مرتضٰی وہاب

## عوام وکارکنان محترمہ فوزیہ وہاب کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں

لندن:۔۔۔17، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنماء رکن قومی اسمبلی محترمہ فوزیہ وہاب کے صاحبزادے بیرسٹر مرتضٰی وہاب سے ٹیلی فون پر فوزیہ وہاب کی خیریت دریافت کی۔اس موقع پر بیرسٹر مرتضی وہاب نے بتایا کہ فوزیہ وہاب قومے میں چلی گئی ہیں لہٰذان کیلئے آپ سے دعا کی درخواست ہے۔ جناب الطاف حسین نے فوزیہ وہاب کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اوران کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ۔انہوں نے ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں ، نوجوانوں ، اورایم کیوایم کے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ محترمہ فوزیہ وہاب کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## رضا ہارون نے پی پی کی رہنماء محترمہ فوزیہ وہاب کی عیادت کر کے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی

کراچی:۔۔۔17 جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی رکن وحق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون نے پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنماء وسابق وزیر اطلاعات محترمہ فوزیہ وہاب کی کراچی کے مقامی اسپتال میں عیادت کی اوران کے صاحبزادے مرتضٰی وہاب سے ملاقات کر کے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے فوزیہ وہاب کی خیریت دریافت کی اوران کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## ماہر تعلیم پروفیسر آفاق احمد صدیقی مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی کی شرکت

کراچی۔۔۔17، جون 2012ء

ماہر تعلیم پروفیسر آفاق احمد صدیقی مرحوم کو سینکڑوں سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سخی حسن کے قبرستان میں سُپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ بفرزون میں واقع بلال مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین،حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی معین خان،امام الدین شہزاد،ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان،ہمدردوں،مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کے علاوہ مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔17 جون،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے سیکٹر ممبر ضمیر احمد صدیقی کی والدہ محترمہ انیسہ بیگم اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے جوائنٹ سیکٹر انچارج سید افسر حسین رضوی کے بھائی سید انور حسین رضوی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انھیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(امین)

## بھارت میں منعقدہ بوہرہ کمیونٹی کی تقریب میں پاکستان سے شرکت کرنے کے خواہشمندوں کیلئے
## حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ شہناز سیف الدین نے موناباؤ ٹرین میں 3 اضافی بوگیاں لگوادیں
## بوہرہ کمیونٹی کے معززین کا محترمہ شہناز سیف الدین کو خراج تحسین،جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں

کراچی۔۔۔17، جون 2012ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ شہناز سیف الدین نے بوہرہ کمیونٹی کے معززین کی درخواست پر انڈیا میں منعقدہ بوہرہ کمیونٹی کی تقریب میں پاکستان سے شرکت کے خواہشمندوں کیلئے موناباؤ ٹرین میں تین خصوصی بوگیاں لگوادیں۔محترمہ شہناز سیف الدین کی خصوصی کاوشوں سے موناباؤ ٹرین میں لگنے والی تین اضافی بوگیوں میں بوہرہ کمیونٹی کے مرد،خواتین اور بچے بڑی تعداد میں تقریب میں شرکت کیلئے 11 جون کو بھارت پہنچ چکے ہیں جبکہ 22 جون کو بھی موناباؤ ٹرین میں لگوائی گئی تین خصوصی بوگیوں میں بوہرہ کمیونٹی کے افراد تقریب میں شرکت کیلئے بھارت پہنچیں گے۔بوہرہ کمیونٹی کے معززین نے موناباؤ ٹرین میں تین اضافی بوگیاں لگوانے کیلئے کاوشیں کرنے پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ شہناز سیف الدین کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی دارزی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔

## ملک کی ترقی کے ضامن ملک کے ماتحت چلنے والے ادارے اور انکے محنت کش مزدور ہوا کرتے ہیں، اراکین ایم کیو ایم لیبر ڈویژن

## ایم کیو ایم چاہتی ہے کہ محنت کشوں کو زندگی کے ہر شعبوں میں یکساں حقوق فراہم کئے جائیں

## ایم کیو ایم نے خواتین کے حقوق کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہنمائی میں ہر فورم پر آواز اٹھائی ہے

## لیبر ڈویژن بلدیات ایجوکیشن یونٹ میں کارکنان و ہمدردوں کے اجلاس سے کامران احمد عثمانی اور عبدالحفیظ کا اظہارِ خیال

کراچی:۔۔۔17 جون،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن بلدیات ایجوکیشن یونٹ میں کارکنان و ہمدردوں کا ایک جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا۔جس میں لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے اراکین کامران احمد عثمانی اور عبدالحفیظ انصاری نے اظہار خیال کیا۔اس موقع پر انچارج واراکین کمیٹی بلدیات ایجوکیشن یونٹ، کارکنان، ہمدرد اور حق پرست خواتین کی کثیر تعداد موجود تھی۔اس موقع پر عبدالحفیظ انصاری اور کامران احمد عثمانی نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹ ملک میں رائج دو فیصد مراعات یافتہ طبقہ ہے جو گزشتہ 65 سالوں سے غریب ومتوسط طبقے کے حقوق پر قابض ہے انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کی ترقی کے ضامن ملک کے ماتحت چلنے والے ادارے اور انکے محنت کش مزدور ہوا کرتے ہیں جو اداروں کیلئے دن رات محنت ولگن سے جدوجہد کرتے ہیں اور ان کی جدوجہد ملک کی ترقی وخوشحالی کا باعث بنتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم چاہتی ہے کہ محنت کشوں کو زندگی کے ہر شعبوں میں یکساں حقوق فراہم کئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے خواتین کے حقوق کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہنمائی میں ہر فورم پر آواز اٹھائی ہے بلکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حقوق نسواں کے حوالے سے حقیقی معنوں میں پاکستان کی عوام میں شعور بیدار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بڑے پیمانے پر خواتین پر ہونے والے مظالم کیخلاف قائد تحریک جناب الطاف حسین کی کوششیں قابلِ تحسین ہیں جو خواتین کے حقوق کیلئے ایم کیو ایم عملی طور سے کررہی ہے۔آج پاکستان بھر میں اگر کہیں خواتین پر ظلم ہوتا ہے تو قائد تحریک الطاف حسین ہی سب سے پہلے اسکے خلاف عملی جدوجہد کرتے نظر آتے ہیں یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے چپے چپے سے لوگ جوق در جوق ایم کیو ایم کے قافلے میں شامل ہورہے ہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ نے سیاست میں عوامی خدمت کے جذبے کو اپنا شعار بنایا، زونل انچارج محمد شریف

حیدرآباد۔۔۔17 جون 2012ء

ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ جھوٹ اور فریب پر مبنی وعدوں پر ہرگز یقین نہیں رکھتی اور یہ تحریک نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی پر عمل پیرا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین وہ واحد رہنما ہیں جو غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم ومحکوم عوام کے جائز حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ہمارے ملک پر گزشتہ 65 سالوں سے 2 فیصد وڈیرے جاگیرداروں کی اقلیت قابض ہے جو ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومظلوم کی اکثریت پر حاکم بنی بیٹھی ہے اور ملک جاگیردارانہ نظام میں جکڑا ہوا ہے جس کی بدولت ملک کے مظلوم عوام اپنے جائز حقوق سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اس فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف برسرپیکار ہیں اور ہماری تحریک نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی کی روشنی میں عوامی خدمت میں مصروف عمل ہے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے سیاست میں عوامی خدمت کے جذبے کو اپنا شعار بنایا اور عوامی مسائل کے حل کو کبھی بھی اقتدار سے مشروط نہیں کیا اور حق پرست نمائندے اسمبلیوں میں جاکر اپنے عوام کو نہیں بھولے اور آج بھی انکے درمیان موجود ہیں۔محمد شریف و اراکین نے کہا کہ حق پرست نمائندوں کی یہ کوشش ہے کہ وہ عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کریں اور ملک بھر کے عوام کو ترقی یافتہ مہذب معاشرہ فراہم کریں

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل پیراہوکراس ملک کےنو جوان کھلاڑی دنیا بھر میں پاکستان کی پہچان بن سکتے ہیں جوائنٹ زونل انچارج نویدشمسی

حیدرآباد۔۔۔17 جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ نوجوانوں کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے کھیلوں کی سرگرمیوں کوفروغ دیا ہے تاکہ وہ کھیل کے میدان میں ملک کا نام روشن کرسکیں ۔ان خیالات کا اظہارمتحدہ قومی موومنٹ حیدرآبادزون کے جوائنٹ زونل انچارج نویدشمسی نے پاکستان کیوکیشن کراٹے ایسوسی ایشن کی جانب سے دعوت پر پاکستان آنے والے بنگلہ دیش کے کراٹے ماسٹرعبداللہ کےاعزاز میں ایک روزہ جدیدکراٹے ٹیکنک ٹریننگ کیمپ کےشرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کراٹے ٹیکنک ٹریننگ کیمپ کا انعقاد پکا قلعہ ہوم اسٹیڈ ہال چاڑی حسرت موہانی لائبریری میں کیا گیا۔اس تقریب میں رکن زونل کمیٹی عابدغوری،سیکٹرای کےذمہ داران کےعلاوہ کھلاڑیوں اورعوام کی کثیرتعدادموجودتھی۔انہوں نے مذید کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل پیراہوکراس ملک کےنوجوان کھلاڑی دنیا بھر میں پاکستان کی پہچان بن سکتے ہیں اوران کی کھلاڑیوں کی قابلیت کواجاگر کی ضرورت ہیں جس کیلئے متحدہ قومی موومنٹ ہروقت کھیلوں سرگیوں میں اپنا اہم کردارادا کرتی رہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ نوجوان کھلاڑی ملک وقوم کا سرمایہ جوآگے جاکراس ملک وقوم کا وقار بلند کرئینگے۔بعدازیں ٹرینیرز میں انعامات بھی تقسیم کیں گئیں۔

## وہ دن دورنہیں جب اس ملک میں ہرطرف خوشحالی ہوگی اس ملک میں رہنے والے ہرشخص کوزندگی کی ہرسہولت میسر ہوگی،عابدگجر

گجرانوالہ۔۔۔17،جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ گوجرانوالہ زون کےزیراہتمام ضلع گوجرانوالہ میں جلسہ ہوا جس میں کھیالی شاہ پورB کی ٹاؤن کمیٹی کا اعلان کیا گیا۔اس موقع پرزونل انچارج عابد گجر بھائی زونل پول ممبرساجدراجپوت بھائی اورضلعی انچارج حمیداعوان بھائی نے خطاب کیا۔انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ وہ دن دورنہیں جب پاکستان کے ہرایک کونے میں حق پرستی کا پرچم لہرائے گا اس ملک میں ایم کیوایم کی حکومت ہوگی اور جناب الطاف حسین کے ویژن کے مطابق اس ملک میں ہرطرف خوشحالی ہوگی یہاں رہنے والے تمام لوگوں کو بلا رنگ ونسل بلا مذہب ومسلک بلا ذات پات کے زندگی کی ہرسہولت میسر ہوگی ایم کیوایم ہر پاکستانی کوانصاف،صحت وتعلیم اورعلاج جیسی سہولیات اس کواس کی دہلیز پرمہیا کرے گی ۔اس موقع پرزونل پول ممبر ساجدراجپوت نے کھیالی شاہ پور B کی ٹاؤن کمیٹی کا اعلان بھی کیا جس کے مطابق کھیالی شاہ پورٹاؤن B کا انچارج شعیب کو بنایا گیا ان کے ساتھ آصف،اشرف اور بوٹا کو جوائنٹ انچارج مقرر کیا گیا ان کے ساتھ کمیٹی ممبران میں عمرفاروق ذوالقرنین،رانا احتشام،عقیل حق نواز،بلال،راناظہور،نجم،اصغر،بہزاداوربشیر شامل ہیں۔اس موقع پرزونل جوائنٹ انچارج عدنان،سعید،رانا افتخار،اعجاز بلوچ،باؤانور،معظم اورضلعی جوائنٹ انچارج رانا عثمان،احمدلودھی،رانا دانیال،رانا عبدالرحمٰن،جمشید، اورخطیب اس کےعلاوہ کارکنان کی ایک کثیرتعداد بھی وہاں پرموجودتھی۔

☆☆☆☆☆